Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. انفرادی مشاورت کا طریقہ کار بیان کریں.

Ans 1: انفرادی مشاورت کے طریق کار میں ایک وقت میں صرف ایک طالب علم کی مشاورت ہوسکتی ہے اور اس کے لیے مشیر ایک خُاص طریقہ کار اختیار کرتا ہے،اس طریقہ کار کا انحصار مسئلے کی نوعیت پر ہو جاتاہے.معمولی نوعیت کے مسائل غیر رسمی طور پر بات چیت کر کے حل کیا جا سکتا ہے. جب کہ پیچیدہ مسائل کے لیے رسمی انداز میں ملاقاتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے.

Q2. طریقہ کار کے لحاظ سے مشاورت کی کونسی دو اقسام ہیں نام لکھیں.

Ans 1: 1.انفرادی مشاورت 2.گروہی مشاورت

Q3. ہدایاتی مشاورت کا بانی کون تھا؟

Ans 1: ہدایاتی مشاورت کا بانی ولیم سن تھا،

Q4. ہر نوعیت کی رہنمائی معاشرتی رہنمائی ہے؟بحث کریں.

Ans 1: ہر نوعیت کی رہنمائی دراصل معاشرتی رہنمائی ہی ہے کیونکہ رہنمائی کی ہر قسم کا بنیادی مقصد یہی ہوتا ہے کہ انسان اس قابل ہوجائے کہ معاشرے سے درست مطابقت اختیار کر لے اور ایک ذمہ دار اور اچھا شہری بن کر ملک و قوم کی خدمت کرت اور خود بھی خوش اور کامیابی سے زندگی بسر کرے.

Q5. عمل مشاورت کے تین پہلو کونسے ہیں؟

Ans 1: عمل مشاورت کے تین پہلو درج ذیل ہیں: 1.جس میں کم ازکم دو افراد کی شرکت ضروری ہے،مشورہ لینے والا اور مشورہ دینے والا. 2.جو کوئی تربیت یافتہ شخص ہی انجام دے سکتا ہے. 3.جس کا مقصد افراد کو پیش آمدہ مسائل کو خود آزادانہ طور پر حل کرنے میں مدد دینا ہے.

Q6. بچوں کو رہنمائی کی زیادہ ضرورت کیوں ہوتی ہے؟

Ans 1: بچپن میں والدین اور گھر ہماری رہنمائی کرتے ہیں،بچے کو جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو وہ اپنے ماں باپ اور بین بھائیوں سے مدد حاصل کرتا ہے.عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اس کی ضروریات بھی بدل جاتی ہیں،گھر کے ساتھ ساتھ معاشرے سے تعلق بنتا ہے،باہر کے لوگوں اور مسائل سے واسطہ پڑتا ہے. ان مسائل سے نبر آزما ہونے کے لیے اس کو بڑوں کی رہنمائی کی ضرورت پڑتی ہے.

Q7. نفسیاتی رہنمائی سے کیا مرادہے؟

Ans 1: وہ تمام مسائل جن کا تعلق انسانی ذہن اور شعور سے ہو ان کے حل سے متعلق کی جانے والی تمام سرگرمیاں ،نفیساتی رہنمائی کے دائرہ کار میں آتی ہیں.

Q8. تعلیمی رہنمائی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رہنمائی کی اس نوعیت سے مراد وہ رہنمائی ہے جو ایک طالب علم کو اس کی تعلیم کے سلسلے میں درکار ہوتی ہے.

Q9. مشاورت ہدایاتی نقطہ نظر سے کیوں کی جاتی ہے؟

Ans 1: چونکہ مشار اپنے مسائل کو خود حل کرنے کی استعداد نہیں رکھتا بلکہ مشیر یا مشیر کے دیئے گئے حل پر عمل کرتا ہے،اس لیے اس کو ہدایاتی مشاورت کا نام دیا جاتا ہے.

Q10. مسائل حل نہ ہونے کی بڑی وجہ کیا ہے؟

Ans 1: بعغ لوگوں میں مسائل کے حل کے لیے درکار اعتماد اور بصیرت کی کمی بھی مسائل کے حل نہ ہونے کا باعث بن جاتی ہے ناتجربہ کاری بھی مسائل نہ حل ہونے کہ وجہ ہو سکتی ہے.بعض اوقات زندگی بہت پیچیدہ صورت حال اختیار کر لیتی ہے،اس کے بہت سے پہلوؤں سے فرد ناواقف ہوتا ہے.